(1) تاریخ: 2023/03/15

06

(1) عقیدہ:

General Instructions

1. Give numbering to headings
2. Do not write lengthy paragraphs. Write medium sized paragraphs with headings.
3. Do not use table for comparison and contrast questions. Give small paragraphs with headings instead.
4. Draw figures/diagram/flowchart where needed.
5. Start new question from fresh page.
6. Give around 15 headings for 20 marks question.
7. Every question should have introduction and conclusion paragraphs.
8. Add Quran/Hadees references wherever possible.
9. Narrate incidents from the life of Holy Prophet (SAWW) and Khulafa-e-Rashideen.
10. Add one quotation of famous religious scholar in each question.

(3) عقائد کی اقسام

یہ ہر مذہب اور دین کی بنیاد ہے۔

اسلام کی روح سے عقائد دو طرح کے ہوتے ہیں۔

(1) دینی الہامی یا سامی

(2) غیر سامی مثلاً ہندو، سکھ وغیرہ

Scanned with CamScanner

تاریخ: __/__/__

(6) اسلام میں عقیدہ توحید:

اسلام عقیدہ توحید بنیادی عقائد ہے۔
"عقیدہ توحید کا مطلب ہے۔
"اللہ تعالیٰ پر ایمان"

1- اللہ تعالیٰ ہی واحد خالق ہے۔ اس کی تخلیق میں کوئی شامل نہیں ہے اور نہ ہی کوئی شریک ہے۔
2- اللہ تعالیٰ کی طاقت میں کوئی شریک نہیں
3- اللہ پاک ہی اکیلے اس دنیا کا نظام چلاتا ہے۔
4- اللہ ہی دائمی ہے جو ہمیشہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

ان چار خوبیوں میں اللہ تعالیٰ کو ماننا توحید ہے۔

(b) اسلام میں توحید کا تصور ہے:

1- توحید کلمہ کا پہلا جز ہے۔
2- توحید ہی اسلام میں داخل ہونے کا دروازہ ہے۔
3- توحید اسلام میں مرکزی اہمیت کا حامل ہے۔
4- صرف اللہ تعالیٰ ہی عبادت کے لائق ہے یہی انسان کا ایمان ہو اور اسی پہ اس کا خاتمہ ہو۔

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

(6) اسلام میں عقیدہ توحید کے اقسام:-

(i) توحید فی الذات:

اللہ تعالیٰ اپنی ذات کے حوالے سے ایک ہے۔
وہ کبھی بھی تقسیم نہیں ہو سکتے۔

سورۃ اخلاص:

ترجمہ: "کہ وہ ایک ہے، وہ بے نیاز ہے"۔

"جان مکولیئر" اپنی کتاب میں لکھتے ہے۔
اگر اس پھیلی ہوئی کائنات کا غور سے
جائزہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ در
حقیقت خدا ایک ہی ہے۔

(ii) توحید فی صفات:

کہ اللہ تعالیٰ اپنی صفات کے حوالے سے ایک
ہے۔ جیسا کہ اللہ کی ذات "رحیم" "کریم"
"رحمان" وغیرہ۔

آیت کرسی میں اللہ تعالیٰ کی صفات بیان ہوئی ہے

سورۃ السجدہ 7:-

ترجمہ: اللہ پاک فرمانا کہ اس کی ایک
چیز کو جو وہ بھی بناتے ہے کامل بنائے ہیں۔

(iii) توحید فی الفعال:-

جو کام اللہ کر سکتا ہے وہ اور کوئی نہیں
کر سکتا۔ جیسے انسان کو زندگی دینا اور
پھر وہ موت کی شکل میں واپس لینا
"کن فیکون"

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

عقیدہ توحید کے اثرات:

(i) برابری:-

عقیدہ توحید ہمیں برابری کا درس دیتا ہے۔ کہ تمام انسان آپس میں برابر ہے۔ کوئی بھی کسی سے بالاتر نہیں۔

(ii) بھائی چارہ:-

توحید ہمیں برابری کے ساتھ بھائی چارے کا درس دیتا۔

"تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہے"

توحید ہی تو جو مسلمانوں کو قریب لاتا اور ان میں پیار و محبت کو اجاگر کرتا ہے۔

(iii) بین المذاہب ہم آہنگی:-

کہ ہم نے دوسرے مذاہب کے لوگوں کے ساتھ کیسے رہنا ہے۔ اُن کے ساتھ کیا سلوک کرنا ہے۔

سورۃ الانعام: اللہ پاک فرماتے ہیں۔

ترجمہ ہم نے اُن کے جھوٹے خداوں کو بھی برا بھلا نہیں کہنا تاکہ وہ تمہارے سچے خدا کی شان میں گستاخی نہ کریں۔

Scanned with CamScanner

تاریخ: __/__/__

(iv) حقوق و فرائض:-

توحید انسان کو اس کے حقوق میں احساس کرتا ہے۔ کہ اللہ کی طرف سے اسے کیا حقوق [illegible] و فرائض سر انجام دینے۔ اس کے کیا حقوق ہے اور اس کے فرائض کیا ہے۔

(v) دوہرا نظام احتساب:-

دوہرا نظام احتساب سے مراد دنیا میں بھی سزا اور آخرت میں بھی۔ اس پر ایک سچے مسلمان کا ایمان ہونا چاہئیے۔

(vi) اطمینان قلب:-

توحید پر ایمان اور کفر سے انسان کو دلی سکون ملتا ہے۔ وہ ہمیشہ اللہ کی رضا پر راضی ہوتا ہے۔ اور ہر کام میں اللہ کی حکمت پر یقین رکھتا ہے۔

(vii) وحدت انسانی:

یہ انسانوں میں اتحاد پیدا کرتا ہے۔ یہ باقی تمام تفرقات کا خاتمہ کرتا ہے۔

(viii) اخوت اور مساوات:

توحید تمام بنی نوع کو اخوت اور مساوات کا درس دیتا ہے۔ کہ پہلے اللہ نے آدم اور حوا کو پیدا کیا۔ سب انسان آدم اور حوا کی اولاد ہے۔ کسی کو دوسرے پر برتری حاصل نہیں

تاریخ: ___/___/___

Conclusion missing.

(ix) **عالمگیر معاشرہ:**

توحید سے ایک عالمگیر معاشرہ وجود میں آسکتا ہے۔ اگر دنیا بھر کے تمام انسان ایک خدا پر ایمان لائے تو مختلف وجوہات کی بنا پر قائم ہونے والے موجودہ گروہ بندیاں ختم ہوسکتی ہے۔

Q2: **اسلام میں فلسفہ صوم:**

(1) **تعارف:**

روزہ ارکان اسلام میں تیسرا بنیادی رکن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم عبادت کا بھی درجہ رکھتا ہے۔

روزہ عربی زبان کے لفظ "صوم" سے لیا گیا ہے جس کے لفظی معنی ہے "رک جانا" یا "ترک کر دینا"۔

(2) **اصطلاحی معنی:**

صبح صادق سے لیکر غروب افتاب تک کھانے پینے اور ہر قسم کی نفسیاتی خواہشات سے اجتناب کا نام روزہ ہے۔

آپؐ فرماتے ہیں۔

ترجمہ: کہ ہر چیز کی زکواۃ ہے اور جسم کی زکواۃ روزہ ہے"

اللہ پاک قرآن کریم میں فرماتے ہے

"کہ روزہ میرے لئے ہیں اور میں خود اس کا بدلہ

تاریخ: __/__/__

روزہ:

(3) روزہ کی اہمیت و فرضیت:-

قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

ترجمہ: "اے ایمان والوں تم پر روزے فرض کر دئیے گئے ہیں۔ جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ اور یہ کہ روزے رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔"

(4) روزہ کے روحانی، اخلاقی اور سماجی اثرات:

(i) تزکیہ نفس:

روزے کے اہم فائدوں میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ اس میں انسان کے نفس کی پاکیزگی ہوتی ہے۔

ترجمہ: "تحقیق وہ فلاح پا گیا وہ جس نے اپنا تزکیہ کر لیا۔"

(ii) اطاعت حکم خداوندی:-

ایک سچا مسلمان اپنے رب کا حکم مانتے ہوئے پورا دن بھوکا پیاسا رہتا ہے۔

اللہ پاک فرماتے ہیں۔

ترجمہ: "اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔"

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

(iii) **رضائے الٰہی کا حصول:-**

ہر مسلمان روزے اس لئے رکھتا ہے کہ اُس کا رب اُس سے راضی ہو۔

ترجمہ: روزے میرے لئے ہیں اور اس کا اجر میں خود دونگا۔

(iv) **تحمل و برداشت:-**

روزہ ایک ایسی بہترین عبادت ہے۔ جس میں انسان تحمل و برداشت سیکھتا ہے۔ اور یہی خصوصیات پوری زندگی اس کے ساتھ باقی رہتی ہے اور اس کی زندگی کا حصہ بن جاتی ہے۔ اور اسے ایک خوشحال زندگی کی طرف لے جاتی ہے۔

(v) **تعمیر سیرت:**

روزے سے انسان کی سیرت کی تعمیر ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو گالی گلوچ لڑائی جھگڑے کے عادی ہوتے ہیں۔ روزے کی برکت سے یہ ساری بُری عادتیں اُن سے مٹ جاتی ہے۔

(vi) **تقویٰ:**

روزے سے تقویٰ اور پرہیزگاری کی صفت پیدا ہو جاتی ہے۔

(vii) **امدادِ باہمی:-**

روزہ انسان کے دل سے لالچ وغیرہ ختم کرتا ہے اور اس کے دل میں مدد کا جذبہ اجاگر کرتا ہے۔ روزے میں لوگوں

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

کا ایک دوسرے سے تعاون بہتا زیادہ نظر آتا ہے
اور یہ حاصل اللہ کی رضہ کے لئے ہوتا ہے

(viii) عدل اجتماعی:-

روزہ انسان کے دل میں مداوات
ڈالتا ہے اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ جو
لوگ غریبوں اور مسکینوں کے بارے میں
سوچتے ہیں اور ان کے ساتھ عدل و انصاف
سے پیش آتے ہیں -

(ix) شکر:

روزہ ہر روزے دار کو اپنے رب کا شکر ادا
کرنے پر مجبور کر دیتا ہے - روزے کی برکات، عبادات
خوشی ہر چیز انسان کو اللہ کی طرف راغب
کر دیتی ہے -

(د) روزہ کا تزکیہ نفس میں کردار:

1- روزہ اس کی روح کے مطابق رکھا جائے:

روزہ اس مقصد کے ساتھ رکھا جائے کہ ہر گناہ
سے رکنا ہے - اگر گناہوں سے باز نہیں آتے تو
حقیقت میں روزے دار کو اس کا کوئی فائدہ حاصل
نہیں ہوگا -

2- روزہ ریاکاری سے پاک ہو:

انسان کا روزہ صرف اس کے رب کی رضا کے لئے ہو
یہ ہر قسم دکھاوے سے پاک ہونا چاہئے -
ترجمہ: جس نے دکھاوے کے لئے روزہ رکھا اس نے شرک کیا -

Scanned with CamScanner

تاریخ: ___/___/___

۳- روزہ خواہش نفس کے لئے نہ ہو:

روزہ خواہش نفس کے لئے نہ ہو، یہ کہ اگر ہم روزہ نہیں رکھیں گے تو لوگ کیا کہیں گے بلکہ یہ اللہ کی رضا کے لئے اور نفس کی پاکیزگی کے لئے۔

۴- روزے کا مقصد ایمان اور احتساب ذات ہو:

ارشاد باری تعالیٰ۔

ترجمہ:

جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ رمضان میں قیام کیا اس کے سابقہ گناہ بخش دئیے جائیں گے۔

خلاصہ:

روزہ ایک پاکیزہ عبادت ہے۔ اور یہی وہ سارا سبب ہے جو ایک سچے مسلمان کو تزکیہ نفس میں مدد فراہم کرتا ہے۔

Q3: تعارف:-

اسلام نے عورتوں کو بے مثال روحانی، سماجی، سیاسی، اقتصادی، اور ثقافتی مقام دیا ہے اسلام عورتوں کی مکمل شخصیت کو تسلیم بھی کرتا ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ بھی کرتا ہے۔ اسلام میں عورتوں کو ایک بلند مقام ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ۔

تاریخ: ___/___/___

اسلام میں عورتوں کا کردار اور حقوق:

۱- اسلام عورتوں کی مکمل شخصیت کو تسلیم کرتا ہے:

اسلام نے چودہ سو سال پہلے عورتوں کو تمام حقوق دئیے جو ابھی تک دوسرا کوئی مذہب نہ دے سکا۔ اسلام میں عورتوں کا خاص اور اہم کردار ہے جو کہ مکمل طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

۲- اسلام میں عورت کا سماجی اور روحانی مقام:

اسلام کے بنیادی اصولوں کے مطابق مرد اور عورت یکساں ہے۔ لہٰذا ہر معاملے میں مرد اور عورت برابر ہے۔ اسلام نے عورتوں کو مردوں کی طرح زندگی، عزت اور جائیداد کے حقوق دئیے ہیں۔

۳- دینی فرائض میں خصوصی رعایت:

فرائض دینی جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی مد میں عورتوں اور مردوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ لیکن کچھ خاص معاملات میں عورتوں کو خاص رعایت حاصل ہے۔ مثلاً ماہانہ حیض، بچے کی پیدائش کا دورانیہ وغیرہ

۴- بچت طفلہ اور بالغہ:

کچھ عرب قبائل میں دختر کشی کی رسم کی قبولیت کے باوجود قرآن مجید نے اس رسم کو سختی سے منع فرمایا اور اسے قتل کے مترادف قرار دیا۔

تاریخ: __/__/__

ارشاد باری تعالیٰ:

ترجمہ: "اور اُس لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی پوچھا جائے گا کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی۔"

۵۔ بحثیت زوجہ:

بحثیت زوجہ اسلام عورتوں کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ بیویوں کے ساتھ حسن سلوک محبت، بھلائی اور ہمدردی کا کہا گیا ہے۔

۶۔ اپنی مرضی سے شریک حیات کا انتخاب:

اسلامی قوانین کے مطابق عورتوں کو ان کی مرضی کے خلاف شادی کے لئے مجبور نہیں کیا جا سکتا آپؐ کے پاس ایک لڑکی آئی اور کہا کے اس کے باپ نے اس کی مرضی کے خلاف اس کی شادی کر دی ہے تو رسولؐ نے اس کو اختیار دیا شادی کو قبول یا رد کرنے کے درمیان ہو۔

۷۔ حق مہر کا حق:

اسلام میں خواتین کے حق مہر کے بارے میں عمومی پیغام ہے کہ حق مہر جو کہ شادی کا تحفہ ہے کے طور پر شوہر ادا کریں گے۔ یہ معاہدہ نکاح میں میں شامل کیا جاتا ہے۔

Scanned with CamScanner

(B)

تاریخ: ___/___/___

References missing

۹- **طلاق کا حق:**

اسلام ایک عورت کو مکمل طور پہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کر سکتی ہے۔ چونکہ طلاق حلال ہے اسلام پر اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں۔

(۱۰) **تعلیم کا حق:**

اسلام عورتوں کو تعلیم کا حق دیتا ہے۔

آپ ﷺ فرماتے ہیں:

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے۔"

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ عورتوں کو علم کا مکمل حق فراہم کرتا ہے

7

(۱۱) **وراثت کا حق:**

اس کے علاوہ اسلام نے عورتوں کو وراثت کا حق عطا کیا ہے۔

خلاصہ: اسلام عورتوں کو ہر وہ حقوق عطا کرتا ہے جس سے وہ ایک باکردار شخصیت کی مالک بنیں۔ اور زندگی کی اس دوڑ میں کبھی بھی خود کو کم تر نہ سمجھے اور مایوسی کا شکار نہ بنے۔ یہی تو اسلام کی خوبصورتی ہے۔

Scanned with CamScanner